**17.09.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
Music

..............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے اڈیشہ کے بھوبنیشور میں 28 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے قومی ریلوے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور قوم کے نام وقف کیا۔ انھوں نے ایک ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے قومی شاہراہ پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔

☆ NDA حکومت نے، آج مرکز میں اپنی تیسری مسلسل مدت کے 100 دن مکمل کرلئے ہیں۔ وزیر اعظم نے زور دے کر کہا ہے کہ اِس مدت کے دوران غریب، کسانوں، نوجوان اور خواتین کو بااختیار بنانے کے بڑے فیصلے کئے گئے ہیں۔

☆ اروند کجریوال نے دلّی کے وزیر اعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ عام آدمی پارٹی کی لیڈر آتشی نے سرکار تشکیل دینے کیلئے دعویٰ پیش کیا ہے۔

☆ کل جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے تمام تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ اِس مرحلے میں 7 سے زیادہ ضلعوں میں 24 نشستوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ ماحولیات کے وزیر بھوپیندر یادو کا کہنا ہے کہ آب وہوا کے اہداف کو حاصل کرنے کیلئے ترقی یافتہ ممالک کو پانچ کھرب ڈالر سے زیادہ کی ضرورت ہے۔

☆ اور ہاکی میں بھارت نے Hulunbuir میں میزبان چین کو ایک-صفر سے شکست دے کر ریکارڈ پانچویں مرتبہ مردوں کی ایشین چمپئنز ٹرافی حاصل کرلی ہے۔

..............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### ***PM Odisha***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اڈیشہ کے بھوبنیشور میں 2 ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے ریلوے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور انھیں قوم کے نام وقف کیا۔ جناب مودی نے ایک ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے قومی شاہراہ پروجیکٹوں کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ اس کے علاوہ وزیر اعظم نے اڈیشہ حکومت کی فلیگ شپ اسکیم

''سُبھدرا'' کا بھی آغاز کیا۔ یہ اکیلی خاتون پر مرکوز سب سے بڑی اسکیم ہے، جس کے تحت ایک کروڑ سے زیادہ خواتین کا احاطہ کیے جانے کی امید ہے۔ وزیر اعظم نے ملک بھر کے پردھان منتری آواس یوجنا (PMAY)، دیہی کے قریب 10 لاکھ مستفیدین کو پہلی قسط جاری کی۔ وزیر اعظم نے PMAY دیہی اور شہری کے جملہ 26 لاکھ مستفیدین کی گرِہ پرویش تقریبات میں بھی حصہ لیا اور انھیں مکانات کی چابیاں سونپیں۔

اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اڈیشہ نے اُن کی پارٹی میں زبردست اعتماد کا اظہار کیا ہے اور وہ عوام کی خواہشات کو پورا کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھیں گے۔

2100- PM- Railway

اس سے پہلے وزیر اعظم کا بیجو پٹنائک بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر آمد پر ان کی 74 ویں سالگرہ کے ضمن میں روایتی استقبال کیا گیا۔ اس دوران قبائلی لوگ رقص اور ڈھول نگاڑے بجائے گئے۔ وزیر اعظم کو ان کی سالگرہ پر ہزاروں حامیوں نے مبارکباد پیش کی۔ x

***with Add Shah 100 Days***

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں NDA حکومت نے آج مرکز میں اپنی تیسری مسلسل مدت کے 100 دن پورے کرلئے ہیں۔ آج اڈیشہ کے بھوبنیشور میں ایک تقریب میں خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ اِس مدت کے دوران غریب، کسانوں، نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے بڑے فیصلے کئے گئے ہیں۔ جناب مودی نے پچھلے 100 دنوں کی کامیابیاں گنوائیں۔ وزیر اعظم نے 25 ہزار گاؤوں کو پکی سڑکوں سے منسلک کرنے کے فیصلے کو بھی اجاگر کیا۔ انھوں نے مزید بتایا کہ قبائلی امور کی وزارت کیلئے بجٹ میں مختص رقم تقریباً دوگنی ہوگئی ہے، تقریباً 60 ہزار قبائلی گاؤوں کیلئے ایک خصوصی پروجیکٹ کا اعلان کیا گیا ہے، سرکاری ملازمین کیلئے ایک نئی پنشن اسکیم متعارف کرائی گئی اور پیشہ ور افراد، کاروبار کے مالکان اور کاروباریوں کیلئے آمدنی ٹیکس کو کم کردیا گیا ہے۔

S/B 2100 PM 100 Days

اس موقع پر بہت سے مرکزی وزراء نے اِس مدت کے دوران کئے گئے اقدامات کو اجاگر کرنے کیلئے، آج قومی راجدھانی میں پریس کانفرنسیں کیں۔ لیبر کے محکمے کے وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا کہ ان کی وزارت نے روزگار وضع کرنے کیلئے پچھلے 100 دنوں میں بہت سے اقدامات کئے گئے ہیں۔ جناب مانڈویا نے اجاگر کیا کہ گذشتہ 100 دنوں میں مرکز نے بنیادی ڈھانچے کے 9 پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے جو 11 کروڑ افرادی دن کیلئے روزگار وضع کریں گے۔ وزیر موصوف نے واضح کیا کہ NDA کی حکومت اِس سال روزگار پر مرکوز مرکزی بجٹ لائی ہے۔

S/B Mansukh Mandaviya

انتہائی چھوٹی، چھوٹی اور درمیانی درجے کی صنعتوں، MSMEs کے مرکزی وزیر جیتن رام مانجھی نے میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مودی حکومت کی تیسری مدت کے پہلے 100 دن میں، وزیر اعظم روزگار وضع کرنے کے پروگرام PMEGP کے تحت، تقریباً تین ہزار 148 کروڑ روپئے مالیت کے قرضے فراہم کئے گئے ہیں۔ جناب مانجھی نے کہا کہ تقریباً دو لاکھ 10 ہزار روزگار کے مواقع وضع کئے گئے ہیں کیونکہ PMEGP کے تحت 26 ہزار سے زیادہ

چھوٹی کمپنیاں قائم کی گئی ہیں۔ جناب مانجھی نے یہ بھی اجاگر کیا کہ MSME کا شعبہ ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ انھوں نے کہا کہ MSME کے شعبے کا ملک کی مجموعی گھریلو پیداوار میں 30 فیصد سے زیادہ کا حصہ ہے۔

S/B Jitan Ram Manjhi

میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ماہی گیری، مویشی پروری اور ڈیری کے وزیر راجیو رنجن (للن) سنگھ نے کہا کہ بھارت دودھ کی پیداوار میں، پچھلے 9 برسوں میں 56 اعشاریہ چھ دو فیصد کے نمایاں اضافے کے ساتھ، دنیا میں سب سے آگے ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ ملک کا زراعت کا شعبہ بھی اہم اقتصادی تعاون کرنے والا ہے جس میں کسانوں کا نمایاں حصہ ہے۔ انھوں نے بتایا کہ بھارت نے مچھلی کی پیداوار میں عالمی پیمانے پر دوسرا مقام حاصل کیا ہے جو کہ مختلف اسکیموں میں 38 ہزار 572 کروڑ روپے کی نمایاں سرمایہ کاری کی وجہ سے ایک ریکارڈ کامیابی ہے۔ ان اسکیموں میں نیلگوں انقلاب، ماہی گیری اور باغبانی کے بنیادی ڈھانچے کا ترقیاتی فنڈ اور پردھان منتری متسیہ سمپدا یوجنا شامل ہیں۔جناب سنگھ نے کہا کہ 2013-14 میں یہ پیداوار 95 لاکھ ٹن سے زیادہ تھی اور یہ 2022-23 میں بڑھ کر 175 لاکھ ٹن سے زیادہ ہوگئی ہے، جو کہ 83 فیصد کا اضافہ ہے۔

S/B Lalan Singh

جناب سنگھ نے کہا کہ ایک دور اندیش نظریے کے ساتھ، وزیراعظم نریندر مودی نے ماہی گیری، مویشی پروری اور ڈیری کی وزارت قائم کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ ان شعبوں سے تعلق رکھنے والی سرگرمیوں پر توجہ مرکوز کی جاسکے۔

آج شام DD نیوز کے ساتھ ایک انٹرویو میں اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے پچھلے 100 دنوں میں NDA حکومت کے ذریعے کئے گئے اُن بہت سے بڑے فیصلوں کو اجاگر کیا جو معاشرے کے ہر زمرے میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔

S/B 2100 Ashwini Vaishnav

ریلوے سے متعلق جناب ویشنو نے کہا کہ پچھلے دس سالوں میں ریلوے میں ہوئی تبدیلیاں غیر معمولی ہیں۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر نے زور دے کر کہا کہ میڈیا ایک بہت اہم ادارہ ہے اور ملک میں پریس کی آزادی ادارہ جاتی ہے۔x

## [***PREZ WATER WEEK***]

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پانی کے تحفظ، بہتر انتظام اور تقسیم کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے عوامی تحریک شروع کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ نئی دلی کے بھارت منڈپم میں آج آٹھویں بھارت واٹر ویک کا افتتاح کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے پانی جمع کرنے اور پائیداریت جیسے معاملات حل کرنے کی خاطر متحدہ کوششوں کی اہمیت پر زوردیا۔

S/B Prez on Amrit Sarovar-32sec

اس چار روزہ تقریب میں 40 ممالک کے 200 غیرملکی مندوبین سمیت قریب 4 ہزار مندوبین شرکت کریں گے۔ اس دوران 100 نمائش کار اور اسٹارٹ اپس پانی کے شعبے میں اپنے خیالات کی نمائش کریں گے۔ x

**with Add Delhi CM**

عام آدمی پارٹی نے آج اعلان کیا کہ سینئر پارٹی لیڈر آتشی، دلّی کی نئی وزیر اعلیٰ ہوں گی۔ اُنہیں نئی دلّی میں پارٹی کی MLAs کی میٹنگ کی دوران AAP قانون ساز پارٹی کے لیڈر کے طور پر منتخب کیا گیا۔ میٹنگ کے بعد اعلان کرتے ہوئے دلّی سرکار میں وزیر گوپال رائے نے کہا کہ عام آدمی پارٹی دلّی میں اسمبلی انتخابات اِس سال اکتوبر-نومبر میں کرانا چاہتی تھی۔ جناب رائے نے BJP پر عام آدمی پارٹی کو ختم کرنے کی سازش کرنے کا الزام لگایا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے نامزد وزیر اعلیٰ آتشی نے پارٹی کے سربراہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ جانفشانی سے کام کرنا اور اسکیموں کو عوام کیلئے جاری رکھیں گی۔

اِسی دوران، دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال نے وزیراعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ جناب کجریوال نے دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر وی کے سکسینہ سے آج شام ملاقات کی اور اپنا استعفیٰ پیش کیا۔ سپریم کورٹ نے آبکاری پالیسی گھپلے سے تعلق رکھنے والے بدعنوانی کے ایک معاملے میں دلّی کے وزیراعلیٰ کو جمعہ کے روز ضمانت دی تھی۔ جیل سے باہر آنے کے بعد اتوار کو وزیر اعلیٰ کجریوال نے اعلان کیا تھا کہ وہ اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیں گے۔ دوسری جانب BJP نے یہ کہتے ہوئے عام آدمی پارٹی کی سرزنش کی کہ چہرہ بدلنے سے پارٹی کا کردار نہیں بدلے گا۔ دلّی BJP کے سربراہ ویریندر سچدیوا نے میڈیا کو بتایا کہ عام آدمی پارٹی بدعنوانی میں ملوث ہے اور اُسے جناب کجریوال کی قیادت میں پچھلے 10 سالوں کی بدعنوانی کا جواب دینا ہوگا۔

اِسی دوران، عام آدمی پارٹی کی سینئر لیڈر آتشی نے آج شام لیفٹیننٹ گورنر سکسینہ سے ملاقات کی اور سرکار تشکیل دینے کا دعویٰ پیش کیا۔ عام آدمی پارٹی نے اِس سے قبل اعلان کیا تھا کہ آتشی دلّی کی نئی وزیر اعلیٰ ہوں گی۔x

**J&K Campaign-Nomination**

جموں وکشمیر میں کُل اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے تمام تیاریاں ہوگئی ہیں۔ اِس مرحلے میں 7 اضلاع میں 24 اسمبلی حلقوں کیلئے پولنگ کل ہوگی۔ اِن میں سے 8 نشستیں جموں خطے کے تین ضلعوں میں اور 16 سیٹیں وادیٔ کشمیر کے چار ضلعوں میں ہیں۔ 23 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان، 90 آزاد امیدواروں سمیت 219 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ اگست 2019 میں دفعہ 370 کو منسوخ کئے جانے کے بعد سے، جموں وکشمیر میں یہ پہلے اسمبلی انتخابات ہیں۔ اسمبلی انتخابات کیلئے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں سکیورٹی کے مناسب بندوبست کئے گئے ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں لوگ اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکیں۔ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں دوسرے مرحلے کیلئے 25 ستمبر کو جبکہ تیسرے مرحلے کیلئے یکم اکتوبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ تیسرے مرحلے کیلئے نام واپس لینے کا آج آخری دن تھا۔ اِس مرحلے میں اسمبلی کے 40 حلقوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ ہریانہ میں 90 رکنی ریاستی اسمبلی کیلئے 5 اکتوبر کو پولنگ ہوگی۔x

**Yadav Environment**

ماحولیات، جنگلات اور ماحولیاتی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کو ماحولیات

سے متعلق اپنے اہداف کو 2030 تک حاصل کرنے کیلئے پانچ ٹریلین ڈالرس سے زیادہ کی ضرورت ہے۔ CII-ITC پائیداری سربراہ کانفرنس کے 19ویں ایڈیشن سے آج نئی دلّی میں خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے آب و ہوا سے متعلق تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے مالی مدد اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کی ضرورت پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اُن چند ممالک میں سے ایک ہے، جنہوں نے وقت سے پہلے پیرس معاہدے کے تمام اشاریہ جات کو حاصل کرلیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت اشیاء کے دوبارہ استعمال اور ان کو ری سائکل کرنے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے تاکہ اس سے پائیدار طرز زندگی کے راہ ہموار ہوسکے۔x

## WB New Commissioner

IPS افسر منوج کمار ورما کو آج کلکتہ پولیس کے نئے کمشنر کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔ 1998 بیچ کے IPS افسر ورما، مغربی بنگال کے امن وقانون کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ADG کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے۔ ورما نے وِنیت کمار گوئل کی جگہ لی ہے جنہیں مغربی بنگال پولیس کے ADG کے عہدے اور اسپیشل ٹاسک فورس کے IGP کے طور پر ٹرانسفر کردیا گیا ہے۔ یہ ٹرانسفر، گذشتہ مہینے کولکتہ میں RG Kar میڈیکل کالج میں ایک زیر تربیت ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے تناظر میں کئے گئے ہیں۔ کولکتہ پولیس کے ڈپٹی کمشنر (شمال) ابھیشیک گپتا کو، کمانڈنٹ کے طور پر، ایسٹرن فرنٹیئر رائفلز میں ٹرانسفر کردیا گیا ہے۔x

## Ganesh Immersion

دس دنوں تک چلے گنیش چترتھی فیسٹول کا آج شام اننت چتردَشی کے ساتھ اختتام ہوگیا۔ اس موقع پر ملک کے مختلف حصوں میں بھگوان گنیش کی مورتیوں کو سپرد آب کیا گیا۔ ممبئی میں صبح سے ہی گنیش وِسرجن جلوس نکالے گئے، جو کل تک جاری رہ سکتے ہیں۔ ریاستی انتظامیہ نے گنیش مورتیوں کو خوش اسلوبی سے سپردِ آب کیے جانے کو یقینی بنانے کیلئے مختلف اقدامات کیے ہیں۔ پولیس نے سکیورٹی میں اضافہ کر دیا ہے اور کوسٹ گارڈس نے ساحل سے قریب گشت کیلئے کشتیوں اور Hovercrafts کو تعینات کیا ہے۔ مضافاتی ریلوے نے مسافروں کی بڑھتی تعداد کے مد نظر خصوصی لوکل ٹرینوں کا انتظام کیا ہے۔ x

## Hockey

ہاکی میں بھارت نے لگاتار پانچویں مرتبہ مردوں کی ایشین چمپئنز ٹرافی جیت لی ہے۔ چین کے Hulunbuir میں آج شام فائنل مقابلے میں بھارت نے میزبان چین کو صفر کے مقابلے ایک گول سے ہرا دیا۔ اس دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے میں بھارتی کھلاڑی جُگ راج سنگھ نے چوتھے کوارٹر میں بھارت کی جانب سے واحد گول کیا۔ دفاعی چمپئن بھارت، اِس مقابلے میں لگاتار 5 خطاب کے ساتھ سب سے کامیاب ٹیم رہی ہے۔ بھارتی ٹیم اب تک کھیلے گئے 8 خطابی مقابلوں میں سے اپنا چھٹا ایشین چمپئنز ٹرافی ہاکی فائنل کھیل رہی تھی۔ چین پہلی مرتبہ فائنل میں پہنچا تھا۔ x

## Mandaviya Doping

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج نئی دلّی میں COP9 بیورو کی دوسری باضابطہ میٹنگ اور Doping کے خلاف یونیسکو بین الاقوامی کنوینشن کے تحت فنڈس کی منظوری دینے والی کمیٹی کی تیسری میٹنگ کی صدارت کی۔ اِن دو روزہ اعلیٰ سطحی میٹنگوں کا مقصد Doping کے خلاف جدوجہد میں عالمی تعاون کو بڑھانا ہے۔ اپنے افتتاحی کلمات میں ڈاکٹر مانڈویا نے Doping کے خلاف عالمی کاوشوں میں سرکردہ کردار ادا کرنے کے بھارت کے عزم کو اجاگر کیا۔ انھوں نے مستقبل کی نسلوں کیلئے کھیل کود کی یکجہتی کو تحفظ فراہم کرنے میں بین الاقوامی تعاون کے حساس کردار پر زور دیا۔x

## Lebanon Pagers Blast

لبنان میں درجنوں افراد آج اُس وقت زخمی ہوگئے، جب ملک بھر میں مواصلات کے لئے استعمال کیے جانے والے Pagers پھٹ گئے۔ لبنان کی سرکاری خبر ایجنسی نے خبر دی ہے کہ بیروت کے جنوبی مضافات اور دیگر بہت سے علاقوں میں یہ دھماکے ہوئے۔ بہت سی خبررساں ایجنسیاں خبر دے رہی ہیں کہ یہ Pagers لبنان کے ملیٹنٹ گروپ حزب اللہ کے اراکین سے تعلق رکھتے تھے۔

ایران کی میڈیا نے خبر دی ہے کہ لبنان میں ایران کے سفیر بھی ایسے ہی ایک دھماکے میں زخمی ہوگئے۔ لبنان کے بحران کی کارروائیوں کے مرکز نے تمام طبی کارکنان سے اپنے متعلقہ اسپتالوں میں رپورٹ کرنے کیلئے کہا ہے تاکہ اُن زخمی افراد کا علاج کرنے میں مدد دی جاسکے، جنھیں فوری طبی دیکھ بھال کی ضرورت ہے۔

لبنان کی ریڈ کراس نے کہا ہے کہ 50 سے زیادہ ایمبولینس گاڑیاں اور 300 ہنگامی طبی عملے کو، متاثرین کو بچانے کیلئے بھیجا گیا ہے۔ میڈیا کی رپورٹس کے مطابق، جو Pagers پھٹے ہیں، وہ حالیہ مہینوں میں حزب اللہ کے ذریعے استعمال کئے جانے والے تازہ ترین ماڈل ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆